0411E1041

Candidate's Seat No : ____________

M.A. Sem.-4 Examination

511

Urdu

November-2025

Time : 2-30 Hours] **[Max. Marks : 70**

نوٹ: تمام سوالات کے جوابات لازمی ہیں اور ان سبھی کے مارکس بائیں جانب درج ہیں۔ سوال نامے میں درج نمبر ہی جوابی پرچے پر تحریر کریں۔

سوال:۱ اُردو ادب و شاعری میں طنز و مزاح کے آغاز اور نشو نماء پر تفصیلی بحث کیجئے۔ ۱۴

(یا)

اردو ادب میں طنز و مزاح کے فن پر اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

سوال:۲ مشتاق یوسفی کی کتاب "چراغ تلے" کے مضامین کا تنقیدی جائزہ لیجئے۔ ۱۴

(یا)

جدید اُردو نثر میں طنز و مزاح کے فروغ پر روشنی ڈالئے۔

سوال:۳ مندرجۂ ذیل سوالوں میں سے کسی دو (۲) پر لکھئے۔ ۱۴

(۱) "اودھ پنچ" کے عہد میں طنز و مزاح

(۲) مجتبیٰ حسین کی مزاح نگاری

(۳) اکبر الہٰ آبادی کی طنز و مزاح نگاری

(۴) اردو ادب میں غالب کی ظرافت نگاری

سوال:۴ مندرجۂ ذیل سوالوں میں سے کسی دو (۲) پر مختصر نوٹ لکھئے۔ ۱۴

(۱) احمد جمال پاشا کی مزاح نگاری

(۲) رشید احمد صدیقی کی مزاح نگاری

(۳) پطرس بخاری کی مزاح نگاری

(۴) شوکت تھانوی کی مزاح نگاری

سوال:۵ مندرجۂ ذیل میں سے کسی بھی سات (۷) سوالات کے جوابات لکھئے۔ ۱۴

(۱) "چچا چھکن" مضمون کے خالق کون ہیں؟

(۲) "ایک اچھے طنز کے خاتمے کی خوبی یہ ہوتی ہے کہ اس سے عیوب کی اصلاح ہو۔" یہ کس نے کہا؟

(۳) طنز اور اس کی دوسری شکلوں کو "اُوچھے وار" سے کس نے تعبیر کیا ہے؟

F1041-2

(۴) ''لفظی مزاح'' کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟

(۵) ہجویہ شاعری کے ابتداء کار کے طور پر کس کا نام سر فہرست آتا ہے؟

(۶) ہوئے اس قدر مہذب کبھی گھر کا نہ منہ دیکھا---کٹی عمر ہوٹلوں میں مرے اسپتال جاکر

مندرجۂ بالا شعر کے خالق کون ہیں؟

(۷) سجاد حسین کا کون سا کردار لکھنؤ کی معاشرت پر گہرے طنز کی بہترین مثال ہے؟

(۸) وزیر آغا کو کس ادیب کے طریقۂ طنز میں ایک سرجن کے عمل جراحی سے شدید مماثلت نظر آتی ہے؟

(۹) طنز کے حوالے سے کن دو ادیبوں کو ''پیشہ ور ادیب'' کہہ کر یاد کیا گیا؟

(۱۰) ''جنونِ لطیفہ'' مضمون کے خالق کون ہیں؟

(۱۱) ''سرِ راہ'' کس ادیب کے خوشگوار مزاح کے نمونے ہیں؟

(۱۲) ''ملا دو پیازہ'' مزاحیہ اخبار کے مدیر کون ہیں اور یہ کہاں سے شائع ہوتا تھا؟

---پایان---